الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 5اگست 2020ء

آج الیکشن کمیشن کا پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے متعلق اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس کی صدارت جناب سکندر سلطان راجہ چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان نے کی اجلاس میں معزز ممبران الیکشن کمیشن، جناب محمد بشارت راجہ وزیر قانون پنجاب و پارلیمانی امور، پنجاب حکومت اور الیکشن کمیشن کے افسران نے شرکت کی۔

یہ اجلاس حکومت پنجاب کی درخواست پر منعقد کیا گیا۔ پنجاب حکومت نے پنجاب ویلج پنچائت اینڈ نیبر ہوڈ کونسلز ایکٹ 2019 کی دفعہ 27 کے تحت درخواست کی تھی کہ صوبہ پنجاب میں لوکل گورنمنٹ الیکشن کے انعقاد کی تاریخ مقرر کرنے کے حوالے سے وہ الیکشن کمیشن سے مشاورت کرنا چاہتے ہیں۔

سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب نے الیکشن کمیشن کو بریف کیا جس پر الیکشن کمیشن نے وضاحت طلب کی کہ کیا پنجاب حکومت مرحلہ وار انتخابات یا ایک ہی تاریخ میں انتخابات کروانا چاہتی ہے۔

الیکشن کمیشن نے اس سلسلے میں حکومت پنجاب سے تجاویز مانگی اور پنجاب حکومت نے باور کرایا کہ وہ چند دنوں میں ایک جامع تجویز الیکشن کمیشن کو غور کے لئے بھجوائیں گے۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ پنجاب حکومت کی طرف سے تجویز آنے کے بعد الیکشن کمیشن کا صوبائی حکومت کے عہدیداران کے ساتھ دوبارہ اجلاس ہوگا۔ تاکہ الیکشن کے انعقاد کے سلسلے میں مزید اقدامات اٹھائے جاسکیں۔

علاوہ ازیں الیکشن کمیشن کو صوبہ خیبر پختونخواہ اور صوبہ سندھ میں الیکشن کے انعقاد کے سلسلے میں بھی بریفنگ دی گئی۔ الیکشن کمیشن کو بتایا گیا کہ صوبائی حکومت خیبر پختونخواہ کی طرف سے ابھی مختلف قوانین کی انفورسمنٹ کا نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا گیا۔ جس کی وجہ سے الیکشن کمیشن کو الیکشن کے انعقاد کے لئے مشکلات کا سامنا ہے۔ الیکشن کمیشن نے سیکرٹری الیکشن کمیشن کو ہدایات جاری کیں کہ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ خیبر پختونخواہ کے ساتھ میٹنگ کی جائے تاکہ وہ ضروری قانون سازی مکمل کرے اور الیکشن کمیشن صوبہ میں لوکل گورنمنٹ الیکشن کے انعقاد کو یقینی بنا سکے۔

صوبہ سندھ، جہاں پر بلدیاتی اداروں کی مدت 30اگست 2020ء کو ختم ہو رہی ہے اس کے بارے میں الیکشن کمیشن نے دفتر کو ہدایات جاری کیں کہ صوبہ میں حلقہ بندیوں کے حوالے سے ابتدائی کام مکمل کیا جائے تاکہ صوبہ میں فوری لوکل گورنمنٹ کی حلقہ بندیوں کا آغاز ہو سکے۔

الیکشن کمیشن نے الیکشن میٹریل اور دیگر انتظامات کے حوالے سے حکم دیا کہ الیکشن کمیشن کے متعلقہ ونگز اور صوبائی الیکشن کمشنر صاحبان اپنے اپنے کام کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔

****

05/08/2020

05/08/2020